nystateofhealth™
The Official Health Plan Marketplace



تیز حقائق نامے بابت

# کورونا وائرس میں ہنگامی صورتحال کے دوران NY State of Health Insurance تبدیلیاں



## ہیلتھ انشورنس ہونا اہم ہے۔ پہلے سے کہیں زیادہ اب۔

NY State of Health نے نیو یارک میں رہنے والے لوگ جن کے پاس کوریج نہیں ہے یا جو آجر پر مبنی انشورنس کھو رہے ہیں کی مدد کیلئے کئی اقدامات کیے ہیں۔

### اکثر پوچھے گئے سوالات (FAQs):

### آمدنی کی تبدیلیاں اور آجر کوریج کھونا:

**اگر میری آجر کی ہیلتھ انشورنس کوریج چلی جائے یا میں اپنے آجر کی پیش کردہ COBRA خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتا تو مجھے کیا کرنا چاہیئے؟**

- آپ NY State of Health کے ذریعے ہیلتھ انشورنس کوریج کی ادائیگی کر کے مدد کے اہل ہو سکتے ہیں یا آپ مفت کوریج کے اہل ہو سکتے ہیں۔
- اپلائی کرنے کیلئے انتظار نہ کریں۔ آپ کو اپنی کوریج کھونے کے 60 دن کے اندر اپلائی کرنا چاہیئے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کا اندراج اس سال کی کوریج میں ہو جائے۔

**اگر میری آمدنی تبدیل ہو جائے اور میں پہلے ہی NY State of Health میں رجسٹر شدہ ہوں تو مجھے کیا کرنا چاہیئے؟ کیا مجھے میری کوریج کی ادائیگی کیلئے مزید مدد مل سکتی ہے؟**

- آپ اپنی کوریج کی ادائیگی میں مدد کے اہل ہو سکتے ہیں۔ تبدیلی کے 60 دن کے اندر اپنے اکاؤنٹ کو اپنی نئی آمدنی سے اپ ڈیٹ کریں۔ آپ مزید مالی امداد کیلے کوالیفائی کر سکتے ہیں جس سے آپ کی کوریج کی لاگت کم ہو سکتی ہے۔

کوریج کے بغیر نہ رہیں۔

**NY State of Health** نیو یارک کا باضابطہ ہیلتھ پلان مارکیٹ پلیس ہے۔

ہم مدد کیلئے حاضر ہیں۔

ابھی اپلائی کریں۔

ابھی اس پر آن لائن اپلائی کریں
nystateofhealth.ny.gov

1-855-355-5777
پر بذریعہ فون
TTY: 1-800-662-1220

info.nystateofhealth.ny.gov/findassistor پر
اندراج کے معاون کے ساتھ منسلک ہوں

NY State of Health قابل اطلاق وفاقی دیوانی حقوق کے قوانین اور ریاستی قوانین کی تعمیل کرتا ہے اور نسل، رنگ، قومی بنیاد، مسلک/مذہب، جنس، ازدواجی/کنبہ جاتی حیثیت، گرفتاری کے ریکارڈ، مجرمانہ سزا یابی (سزا یابیوں)، صنفی شناخت، صنفی رجحان، ثانوی جینیاتی خصوصیات، فوجی حیثیت، خانگی تشدد کے متاثر کی حیثیت اور/یا انتقام کی بنیاد پر امتیازی سلوک نہیں کرتا ہے۔

nystateofhealth™
The Official Health Plan Marketplace

تیز حقائق نامے بابت

# کورونا وائرس ایمرجنسی کے دوران NY State of Health Insurance تبدیلیاں

## Coronavirus Aid، Relief and Economic Security (CARES) Act کیا ہے؟

Coronavirus Aid، Relief and Economic Security (CARES) Act کانگریس نے پاس کیا تھا اور اس کا قانونی نفاذ صدر ٹرمپ نے 27 مارچ، 2020 میں کروایا۔ یہ 2.2.$ ٹریلین معاشی ریلیف پیکج امریکی لوگوں کو COVID-19 کے عوامی صحت اور معاشی اثرات سے محفوظ رکھنے کیلئے پاس کیا گیا تھا۔ CARES ایکٹ امریکی ورکرز، خاندانوں اور چھوٹے کاروباروں کو معاشی معاونت فراہم کرتا ہے اور اس کا مقصد امریکی صنعتوں کیلئے نوکریاں بچانا ہے۔

## نئی وفاقی آمدنی کی ادائیگیاں/ COVID کے تحت بے روزگاری کی تلافی:

**مجھے وفاقی CARES ACT (عموماً ترغیبی ادائیگی کے بطور جانی جاتی ہے) سے ایک ادائیگی موصول ہوئی ہے۔ کیا یہ رقم میری NY State of Health درخواست میں آمدنی مانی جائے گی؟**

- نہیں۔ ترغیبی ادائیگی کسی NY State of Health صارف کیلئے آمدنی نہیں مانی جاتی۔ اہل صارفین کو امریکہ کے محکمہ خزانہ کی جانب سے ایک یک وقتی ادائیگی موصول ہو گی۔ یہ ادائیگیاں ایک نئے وفاقی قانون، CARES ایکٹ کے تحت تقسیم کی جاتی ہیں، جسے COVID-19 کی عالمی وبا کے جواب میں وضع کیا گیا ہے۔ اہل صارفین فی بالغ 1,200$ اور فی بچہ 500$ کی ایک یک وقتی ادائیگی موصول کریں گے۔

**مجھے اپنے ریگولر بے روزگاری کے فوائد کے ساتھ ریاست سے عالمی وبا بے روزگاری تلافی موصول ہو رہی ہے۔ کیا NY State of Health کے ذریعے انشورنس کیلئے اپلائی کرتے ہوئے مجھے اسے آمدنی کے بطور رپورٹ کرنا ہے؟**

- اس کا انحصار آپ پر ہے۔ عالمی وبا بے روزگاری تلافی پروگرام کی ادائیگیاں (600$ فی ہفتہ) کچھ NY State of Health پر رجسٹرڈ لوگوں کیلئے آمدنی مانی جاتی ہے پر سب کیلئے نہیں۔
- <u>اپنی عالمی وبا میں بیروزگاری کیلئے تلافی (Pandemic Unemployment Compensation) رپورٹ کریں اگر:</u>
  - آپ کے گھر میں بچے نہیں ہیں* اور
  - آپ کی سالانہ آمدنی ایک فرد واحد کیلئے 25,520$ یا جوڑے کیلئے 34,480$ سے زیادہ ہے
- <u>اپنی عالمی وبا میں بیروزگاری کیلئے تلافی (Pandemic Unemployment Compensation) کی رپورٹ نہ کریں اگر:</u>
  - آپ کے بچے ہیں۔*
  - آپ کی متوقع سالانہ آمدنی فرد واحد کیلئے 25,520$ یا جوڑے کیلئے 34,480$ سے کم ہے۔
- اگر آپ کو عالمی وبا بے روزگاری کی تلافی کو آمدنی کے بطور شامل کرنے کیلئے اپنی ایپلیکیشن کو اپ ڈیٹ کرنا ہے تو NY State of Health معاونین اور کسٹمر سروس آپ کی ایپلیکیشن مکمل کروانے میں مدد کیلئے دستیاب ہیں۔

*''بچے'' کی اصطلاح سے مراد 19 سال کی عمر سے کم کا بچہ، یا 19 اور 20 اگر فل ٹائم طالب علم ہے تو۔

nystateofhealth™
The Official Health Plan Marketplace

تیز حقائق نامے بابت

# کورونا وائرس ایمرجنسی کے دوران NY State of Health Insurance تبدیلیاں

## رعایتی مدتیں اور کوریج کیلئے ادائیگی:

**میں Essential Plan (EP) میں اندراج کروا رہا ہوں اور میرا پریمیئم 20$ ہے۔ کیا میری کوریج شروع ہونے کیلئے مجھے اپنی پہلی پریمیئم ادائیگی 10 دن کے اندر کرنی ہوگی؟**

- کورونا وائرس ایمرجنسی عرصے کے دوران، ہیلتھ پلانز آپ کو اپنی پہلی 20$ کی ادائیگی کرنے کیلئے زیادہ وقت دیں گے۔ آپ کو اس ہیلتھ پلان سے بات کرنی چاہیئے جس میں آپ رجسٹڑ ہو رہے ہیں۔

**Qualified Health Plan (QHP) پلان پر کتنی لاگت آتی ہے۔ کیا مجھے اپنی کوریج کی تاریخ آغاز کے دس دن کے اندر اپنی پہلی پریمیئم ادائیگی کرنی ہو گی؟**

- ہاں۔ تمام QHP میں رجسٹڑ شدہ لوگ، بشمول وہ جو پورا پریمیئم ادا کرتے ہیں اور وہ جو ایڈوانس پریمیئم ٹیکس کریڈٹس (APTC) موصول کرتے ہیں، ان کی کوریج شروع ہونے کیلئے ان کا پہلی پریمیئم ادائیگی کرنا ضروری ہے۔ کچھ پلانز 10 دن سے زائد پر جا سکتے ہیں۔ آپ کو اس ہیلتھ پلان سے بات کرنی چاہیئے جس میں آپ رجسٹڑ ہو رہے ہیں۔

**میں پہلے ہی ایک Qualified Health Plan میں رجسٹڑ شدہ ہوں اور کوریج کی ادائیگی میں APTCs سے مدد مل رہی ہے۔ میرے پاس اپنا ماہانہ پریمیئم بھرنے کیلئے کتنا وقت ہے؟**

- کورونا وائرس ایمرجنسی عرصے کے دوران، آپ کے پاس اپنا ماہانہ کوریج بھرنے کا عرصہ جسے "رعایتی مدت" کہا جاتا ہے، اس میں 90 سے 120 دن تک کی توسیع کر دی گئی ہے۔ آپ کو توسیعی رعایتی مدت حاصل کرنے کیلئے یہ ظاہر کرنے کی ضرورت نہیں ہے کہ آپ کسی مالی مشکل میں ہیں۔ آپ کے ہیلتھ پلان سے موصول ہونے والی انوائس آپ کی ادائیگی کی آخری تاریخیں ظاہر کرے گی۔
- اگر آپ 120 دن کے اس رعایتی عرصے میں اپنے پریمیئم کی ادائیگی نہیں کرتے تو آپ کا ہیلتھ پلان رعایتی عرصے کے ساٹھویں دن کوریج ختم کر سکتا ہے اور آپ کے پاس اس تاریخ کے بعد استعمال کی جانے والی کسی سروس کیلئے کوریج نہیں ہوگی اور ہو سکتا ہے کہ آپ کو باقی سال کیلئے کوریج نہ ملے، الُا یہ کہ آپ کے ساتھ SEP کو متحرک کرنے والا زندگی کا اہل واقعہ پیش نہیں آتا۔
- اگر آپ کو اپنی کوریج کی ادائیگی میں پریشانی کا سامنا ہے تو NY State of Health سے رابطہ کریں یا اپنے ہیلتھ پلان سے بات کریں۔ آپ کیلئے کوئی مزید سستا آپشن ہو سکتا ہے۔
- ***نوٹ:*** ان افراد کیلئے جو کوریج پر پورا پریمیئم ادا کرتے ہیں The NYS Department of Financial Services نے رہنما اصول جاری کیے ہیں۔ اس جمعیت کیلئے COVID-19 سے درپیش مشکلات کی توثیق درکار ہے۔